# حکیم ملک احمد نواز

## کا خصوصی پیغام



للہ پاک کے فضل و کرم سے وطن عزیز تاریخی، تہذیبی اور ثقافتی اعتبار سے ایک ایسے عظیم الشان ورثے کا حامل ہے کہ اس سے دنیا کو ایک منصوبہ بندی کے تحت مربوط طریقے سے روشناس کرایا جائے تو پاکستان سیاحوں کی جنت بن سکتا ہے جس سے نہ صرف پاکستان کو کثیر تعداد میں زرمبادلہ حاصل ہو سکتا ہے بلکہ موجودہ عہد میں ملک کے خوشگوار تشخص کو بیرونی ممالک میں متعارف کی جو ضرورت اب ناگزیر حیثیت اختیار کر چکی ہے وہ نہایت احسن طریقے سے پوری ہو سکتی ہے اور آج کی دنیا میں متعدد ایسے ممالک بھی موجود ہیں کہ جن کے پاس سیاحوں کے دیدہ دل کو اپنی طرف متوجہ کرنے والے مناظر فطرت کا پاکستان کے مقابلے میں عشر عشیر بھی نہیں لیکن انہوں نے اپنے تفریحی مقامات اس قدر پرکشش بنایا ہے اور سیاحوں کو اس قدر سہولیات فراہم کی ہیں کہ دنیا کے گوشے گوشے سے سیاح ادھر کھچے چلے آتے ہیں جبکہ پاکستان میں سیاحوں کے ذوق فکر و نظر کی تسکین کیلئے ہر طرح کا سامان موجود ہے مگر اس کے باوجود ہم ابھی تک ان کو اپنی طرف متوجہ کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکے اور اس کی سب بڑی وجہ یہ ہے کہ ہمارے ملک میں مختلف حکومتوں نے سیاحت کی اہمیت اور افادیت کو ہی مکمل طور پر محسوس نہیں کیا جبکہ اللہ پاک نے پاکستان کو اپنے قدرتی حسن سے مالا مال کر رکھا ہے اس ضمن میں ضرورت اس امر کی ہے پاکستان کے تاریخی تفریحی مقامات کو بیرونی ممالک اور قومی سطح پر اجاگر کیا جائے تو نہ صرف ملک میں سیاحت ترقی کرے گی بلکہ ہمارا ملک ترقی و خوشحالی سے ہمکنار ہو سکتا ہے